جلد (۴۱) نمبر (۴۷)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR, STATE, GAZETTE.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۲ر جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۲۵ر نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری ٹھیکہ کوئلہ۔	۱
۲	رخصت نائب بخشی فوج۔	۱ و ۲
۳	افادہ اشرف جمیل احمد۔	۲
۴	وجاہت بہ مداری سید احمد صاحب برائے درس تدریس در مدرسہ خود۔	۲
۵	رخصت منصرم مطبخ خاص۔	۲
۶	احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر متعلق مدارس۔	۲ و ۳
۷	رخصت ناظم علی احمد نیرات۔	۳
۸	تصحیح نقل تحریری صیغہ اول دستور العمل۔	۳

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

منظوری ٹھیکہ کوئلہ

۵ر ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ کوئلہ اعلیٰ بحساب فی روپیہ ساڑھے بارہ سیر بنابر مصارف باورچی خانہ خاص من ابتدا یکم فروری سنہ ۱۹۲۹ء لغایت جنوری سنہ ۱۹۳۰ء بنام قسیم خان بشرائط سابقہ۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ کوئلہ مصارف باورچی خانہ خاص برائے یکسال من ابتدا فروری سنہ ۱۹۲۹ء لغایت جنوری سنہ ۱۹۳۰ء فی روپیہ ساڑھے بارہ سیر بنام قسیم منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

حوالہ محکمہ صدر برائے اجراء احکام ہو۔ ۳۱ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ر نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت یکماہہ بابو لطافت پرشاد نائب بخشی فوج من ابتدا ۱ر نومبر سنہ حال بغرض جائے کنگھر؟

حکم

بموجب رپورٹ ۱۱ یوم من ابتداء ۹ ر لغایۃ ۱۹ ر نومبر ۱۹۲۹ء رخصت لطافت حسین نائب بخشی فوج کو دیا جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام سررشتہ صدر کو واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۲ ر نومبر ۱۹۲۹ء

بموجب رپورٹ ماسٹر جمیل احمد ایم۔ اے۔ بی ٹی کی تنخواہ موجودہ میں گریڈ منظور شدہ کے موافق یکم نومبر ۱۹۲۹ء سے دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

نمبر عرضی — نمبر مسئلہ

جناب عالی

ماسٹر جمیل احمد ایم۔ اے۔ بی ٹی حسب گریڈ منظور شدہ یکم نومبر ۱۹۲۹ء سے دس روپیہ ماہوار اضافہ کے مستحق ہیں۔ عرضداشت بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔

دولت و اقبال جاوید باد۔

زیر عرضداشت دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معروضہ ۱۱ ر نومبر ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۸ ر نومبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری اجازت

۱۳ ر نومبر ۱۹۲۹ء

بموجب رپورٹ منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذ بغرض اجراء احکام واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

نمبر عرضی — نمبر مسئلہ

جناب عالی

مولوی سید احمد پسر مولوی قاضی حامد شاہ صاحب مدرسہ عالیہ میں مدرس حدیث ہیں۔ پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ پاتے ہیں۔ اب تک تعلیم حاصل کر رہے تھے۔ اور مولوی محمد یوسف بطور عوض کام کرتے تھے جنکو تنخواہ منجملہ مولوی سید احمد صاحب دیتے تھے۔ اب مولوی سید احمد شاہ صاحب نے درخواست دی ہے کہ مولوی سید احمد کو اپنے درجہ کا کام کرنیکی اجازت دیجائے۔ پرنسپل صاحب اور جناب ڈائرکٹر صاحب مدرسہ عالیہ نے سفارش کی ہے۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے جس تاریخ سے مولوی سید احمد صاحب کام شروع کرینگے مولوی محمد یوسف عوض علٰحدہ ہو جائیں گے۔

دولت و اقبال جاوید باد

زیر عرضداشت دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معروضہ ۱۱ ر نومبر ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۸ ر نومبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ ر نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر درباره منظوری رخصت یکماہ

محمد جمیلا خان منصرم مہمان خانہ بغرض علاج چشم۔

حکم

بموجب رپورٹ جمیلا خان منصرم مہمان خانہ کی رخصت ایک ماہ منظور ہوئی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۸ ر نومبر ۱۹۲۹ء

جیلا خان مدرس مدرسہ مڈل کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۱۵ ر نومبر ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل ۱۹۳۰ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۸ ر نومبر ۱۹۲۹ء

محمد احمد خان مدرس مدرسہ بازار نصر اللہ خان کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۱۵ ر نومبر ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل ۱۹۳۰ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۹ ر نومبر ۱۹۲۹ء

نمبر مناسب

حکم ہے کہ عزیز حیدر ناظم متعینہ عدالت مجسٹریٹ سرسری کی تنخواہ میں

۰۰ روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۹ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

نعیم الحسن مدرس مدرسہ گودہی تحصیل بلاسپور کو بوجہ غیر حاضری برخاست کیا جائے۔ اور بجائے نامبردہ مسمی انوار حسین چہارم پاس کا تقرر بشاہرہ گیارہ روپیہ ماہوار استحاناً ۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء تک کیا جائے۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ مفتی صاحب دیوانی معدقہ صاحب جج بہادر در بارہ منظوری رخصت مزید گیارہ یوم مشتاق احمد خان ڈگری نویس من ابتداء ۱۹ نومبر لغایت ۲۹ نومبر سنہ حال بوجہ علالت مامور کے جانے شخص دیگر بجائے رخصتی مذکور۔

حکم

مشتاق احمد خان اہلمد عدالت دیوانی کی رخصت ۱۱ یوم باعتبار سرٹیفکٹ ڈاکٹری منظور کیجاتی ہے۔ مفتی صاحب دیوانی اہلکاران موجودہ عدالت میں سے جس اہلکار سے مناسب سمجھیں اُس سے کام لیں کوئی فالتو آدمی نہیں ہے۔ جو اس کام کے واسطے بھیجا جائے۔ اور نہ کوئی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُسکو بھیجا جائے۔ یہ ہر جگہ دستور ہے کہ جب کوئی اہلکار کسی قسم کی رخصت لیتا ہے تو وہاں کے کسی اہلکار سے کام لے لیا جاتا ہے۔ ایسی قلیل مدت کیواسطے کوئی جدید انتظام نہیں کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۰ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

شمس الدین مدرس مدرسہ ریوڑی تحصیل شاہ آباد کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۲۰ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیعات

۱۰ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

مدرسان مندرجہ تحت کی مدت ملازمت غیر مستقل میں توسیع منظور کی گئی۔

سید سبط محمد مدرس مڈل اسکول ۵ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء۔
گلشن مدرس بینگا تحصیل سوار۔ آخر نومبر سنہ ۱۹۲۹ء تک۔
محمد صدیق مدرس میرانپور تحصیل سوار۔ آخر نومبر سنہ ۱۹۲۹ء تک۔

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات

رخصت

۲۰ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل تحریر سپرنٹنڈنٹ گلشن باغ صاحب تعمیرات فاضل باغ در بارہ منظوری رخصت ناظم علی اہلمد از ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء لغایت ۳۰ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء۔

حکم

رخصت بوضع تنخواہ از ۱۵ اکتوبر لغایت ۳۰ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء منظور کی جاتی ہے۔ اہلمد کو آئندہ محتاط رہنے کی ہدایت کیجائے۔ اگر بار دیگر بغیر حصول رخصت غیر حاضر ہوا تو سخت باز پرس کیجائیگی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

روبکار اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۲ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

ضمیمہ اول دستور العمل میں نمبر شمار ۳ پر درخواست سید علی اہلمد ڈگری کے عہدہ سماعت وغیرہ تحریر کی گئی ہے۔ اسی کے محاذ پر بجائے دفعہ ۱۳ حرف الف کا جو درج کیا گیا ہے جو تحریری غلطی ہے۔ دفعہ ۱۳ دستور العمل میں حرف الف نہیں ہے بلکہ ضمیمہ اول دوم و سوم سے کی گئی ہے۔ دراصل دفعہ ۱۳ حرف الف تحریر ہونا چاہیے تھا۔ کیونکہ سید علی متعلق تھا یا دفعہ ۱۳ حرف الف سے متعلق ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

باجرائے نقول ضابطہ اخبار کو مطلع کیا جائے۔ ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شایع ہوا